| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: ٹریفک کے قوانین

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ٹریفک کے چند قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔
- سڑک پر پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے وقت اور بس وغیرہ میں سفر کرتے وقت حفاظتی قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ٹریفک کے قوانین" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- ٹریفک کے قوانین سے کیا مراد ہے؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- ٹریفک کے حفاظتی اصول (سڑک پر پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے ہوئے اور بس وغیرہ کے ذریعے سے سفر کرتے ہوئے) سمجھانے کے لیے طلبہ سے عملی مظاہرہ کروائیں۔
- کمرا جماعت یا سکول کے میدان میں ایک فرضی سڑک بنائیں۔ طلبہ سے کہیں کہ ٹریفک کے قوانین کو مد نظر رکھتے ہوئے سڑک پار کرنے کا مظاہرہ کریں۔ اسی طرح ان سے کہیں کہ سڑک پر چلتے ہوئے جن قوانین کو مد نظر رکھا جاتا ہے۔ عملی مظاہرہ کرتے ہوئے قوانین بتائیں۔
- عملی مظاہرہ مکمل ہونے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجائیں۔

**اعادہ:** 2 منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سڑک پر پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے ہوئے اور بس وغیرہ کے ذریعے سے سفر کرتے ہوئے حفاظتی قوانین کی ایک فہرست بنوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

انھیں ورک شیٹ گھر سے مکمل کر کے لانے کو کہیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)


| | | |
|---|---|---|
| **نام:**__________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: ٹریفک کے قوانین** |

جن تصویروں میں بچے ٹریفک کے قوانین پر عمل کر رہے ہیں اُن پر " ✓ " کا نشان اور جن تصویروں میں بچے ٹریفک کے قوانین پر عمل نہیں کر رہے ان پر " ✗ " کا نشان لگائیں۔









| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 4 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: اچھے اخلاق اور عادات

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- دوسروں کو ملتے وقت اَلسَّلامُ عَلَیکُم، ہیلو اور صبح بخیر وغیرہ کہ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ **فلیش کارڈز**

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''اچھے اخلاق اور عادات'' نمایاں کر کے لکھیں۔

کسی ایک طالب علم کو کمرا جماعت کے سامنے بولائے اور باقی طلبہ کو ''السلام علیکم'' کرنے کے لیے کہیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- جب کوئی سلام کہے تو جواب میں کیا کہنا چاہیے؟

طلبہً سے کہیں آج وہ اچھے اخلاق اور عادات کے بارے میں جانیں گے۔ طلبہ کو جواب دینے کا بھرپور موقع دیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے دوست / سہیلی کے ساتھ جماعت کے سامنے آئیں اور سلام کرنے اور جواب دینے کا عملی مظاہرہ کر کے دکھائیں۔
- کمرا جماعت سے دو بچے لیں اور اُن میں سے ایک کو کہیں کہ وہ دوسرے کو اَلسَّلامُ عَلَیکُم کہے اور ہاتھ ملائیں۔ دوسرا بچہ جواب میں وَعلیکم السَّلَام کہے۔
- تختہ تحریر پر اسلام علیکم کا مطلب لکھیں ''آپ پر سلامتی ہو''۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جیسے ہم سلام کرتے ہیں۔ ایسے ہی دوسرے ممالک میں سلام، ہیلو، ہائے یا جُھک کر دوسروں کو ملا جاتا ہے۔

- طلبہ کو سلام کرنے کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- انھیں بتائیں کہ سلام کرنے سے ایک دوسرے سے محبت بڑھتی ہے۔
- حضور پاک خاتم النبیین ﷺ کا فرمان: "اللہ کے قریب وہ شخص ہے جو اسلام میں پہل کرے۔

(ترمذی)

- سلام کرنا اچھی عادت ہے اس لیے ہمیں ہر بڑے اور چھوٹے کو سلام کرنا چاہیے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سلامتی | سَ۔لا۔مَ۔تی | خدا کی طرف سے رحمت |
| طریقہ | طَ۔ری۔قہ | طرز۔ڈھنگ |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ii) کا جواب طلبہ سے لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **2منٹ**

اپنی دو اچھی عادات اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: اخلاق اور عادات

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اچھے کردار کے مختلف پہلوؤں کو جان سکیں۔ اور ان کی فہرست بنا سکیں (وقت کی پابندی کرنا، نرمی سے بات کرنا، رحم دلی، ایمان داری اور سچائی)۔
- اچھے اخلاق کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "اچھے اخلاق اور عادات" نمایاں کر کے لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں سلام کرنا اچھی عادت ہے۔ سلام کا مطلب سلامتی کے ہیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- جب ہم ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟
- ہمیں السلام علیکم کے جواب میں کیا کہنا چاہیے؟

طلبہ کو بتائیں آج ہم "اچھے اخلاق کی اہمیت کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 43 کی پڑھائی کروائیں۔ پڑھنے میں جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو پابندی وقت کا مطلب بتائیں اور اس کی اہمیت سے آگاہ کریں۔ انھیں بتائیں کہ ہر کام کو اس کے مقررہ وقت پر کرنا چاہیے۔ جو شخص وقت کی پابندی کرتا ہے اُس کا ہر کام آسان ہو جاتا ہے۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ:

- کیا آپ صبح جلدی اٹھتے ہیں؟
- کیا آپ وقت پر سکول جاتے ہیں؟
- کیا آپ اپنے سارے کام وقت پر کرتے ہیں؟

- انھیں وقت کی پابندی کے بارے میں بتائیں۔ گزرا ہوا وقت کبھی واپس نہیں آتا۔
- انھیں ہدایت کریں ہمیں اپنے وقت کی قدر کرنی چاہیے اور اسے اچھے کاموں میں صرف کرنا چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ رحم دلی بھی اچھے اخلاق میں آتی ہے۔
- طلبہ کو کہیں کہ ہمیشہ نرمی اور پیار سے بات کرنی چاہیے۔
- اگر کوئی شخص غلطی کرے تو اُسے معاف کر دینا چاہیے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے سوال (ii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

دی گئی تصویر میں رنگ بھریں۔

